Volume X
No. 25

SP—X—25—76 (E)
250

THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Thursday, December, 30, 1976

CONTENTS

	Pages
Intimation *Re*: Release of Senator Mohammad Hashim Ghilzai and Senator Haji Sayed Hussain Shah on bail—*Read out* ...	251
The Representative Offices (Prevention of Misconduct) Bill, 1976 —*Passed*	251
The Parliament and Provincial Assemblies (Disqualification for Membership) Bill, 1976—*Not Concluded*	280

PRINTED AT THE MERCANTILE PRESS, 42, CHAMBERLAIN ROAD, LAHORE
PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI

Price : Paisa 50

SENATE DEBATES

SENATE OF PAKISTAN

Thursday, December 30, 1976

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

(Recitation from the Holy Qur'an)

INTIMATION *RE*: RELEASE OF SENATOR MOHAMMAD HASHIM GILZAI AND SENATOR HAJI SYED HUSSAIN SHAH ON BAIL

Mr. Chairman : Gentlemen, now I will inform you about the letter from Abdul Rehman Abbasi, Registrar, Special Court, Hyderabad, addressed to me. It reads :

> "I am directed to inform you that this Hon'ble Court has been pleased to grant bail to Mr. Hashim Khan Gilzai and Mr. Syed Hussain Shah Hazara in the sum of Rs. 20,000,000/- each with P.R. Bonds and two sureties in the like amount to the satisfaction of Deputy Commissioners and District Magistrate, Quetta.
>
> This is foı your kind information."

So, they have been released on bail. That was the information which has been conveyed to you.

THE REPRESENTATIVE OFFICES (PREVENTION OF MISCONDUCT) BILL, 1976

Mr. Chairman : Now, I think the motion was made yesterday and you also explained it.

Malik Mohammad Akhtar (Minister for Law and Parliamentary Affairs) : I spoke yesterday, and now anybody else can speak.

Mr. Chairman : Yes, Khawaja Sahib, what is the accord, you must tell me.

خواجہ محمد صفدر : پابندی ہے کہ یہ بل آج منظور ہو جائے ۔

جناب چیئرمین : ایک بجے تک ؟

خواجہ محمد صفدر : انشاءاللہ ۔

جناب چیئرمین : تینوں ریڈینگز ؟

خواجہ محمد صفدر : جی جی ۔

جناب چیئرمین : ٹھیک ہے ۔

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! محترم وزیر قانون نے کل زیر بحث مسودہ قانون کو پیش کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ اس قانون کی اس لیے ضرورت پڑ رہی ہے کہ ارباب اقتدار کی خواہش ہے کہ اس ملک میں پبلک لائف کو ہر طرح کی آلائیشوں سے پاک کیا جائے ۔ بد دیانتی کو پبلک لائف سے دور کیا جائے ۔

ایک پاک اور صاف معاشرہ کے قیام کے لیے جسے پبلک لائف کی ضرورت ہے ، اس کو پیدا کرنے میں ، اس کے قیام میں امداد دی جائے ۔ جناب چیئرمین اس بل کے پری ایمبل اور اس کے ساتھ جو منسلکہ سٹیٹمنٹ آف اوبجیکٹس اینڈ ریزن ہیں ، ان میں اس بل کے اغراض و مقاصد درج کیے گئے ہیں ، ظاہر ہے کہ ان اغراض و مقاصد سے کوئی ذی فہم اور ذی مؤثر شہری اختلافات نہیں کر سکتا ہے ۔ کوئی شخص یہ پسند نہیں کرتا ہے کہ جس معاشرے میں وہ رہتا ہے وہ برائیوں میں پھلے پھولے ، وہاں بد عنوانیاں راہ پائیں ۔ بلکہ ہر شخص کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ اس کا معاشرہ نیکی اور پاکیزگی کا مظہر ہو ۔ اس میں برائیوں اور بد عنوانیوں کا قلع قمع ہو ۔

جناب چیئرمین ! کیا یہ مقاصد اس بل کے ذریعے پورے ہو رہے ہیں یا پورے ہو سکتے ہیں یا ہو سکیں گے ۔ جناب والا ! میں نے جس حد تک مسودہ قانون کا مطالعہ کیا ہے میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ جو مقاصد وزیر قانون نے اس بل کے پری ایمبل میں یا جو مقاصد اس بل کے منسلکہ سٹیٹمنٹس آف اوبجیکٹس اینڈ ریزن میں دئے گئے ہیں وہ اس مسودہ قانون کی قانونی شکل بننے کے بعد کسی طور پر بھی پورے نہیں ہو سکیں گے ۔ یہ ایک exercise in furtility ہو گی ۔ اس سے کوئی فائدہ نہیں ہو گا ۔ اس سے نہ قوم کو کوئی فائدہ پہنچے گا اور نہ ملک کو کوئی فائدہ پہنچے گا ۔

جناب چیئرمین ! آپ دیکھیں گے کہ اس بل میں یا اس مسودہ قانون سے موجودہ نیشنل اسمبلی کے اراکین یا صوبائی اسمبلیز کے اراکین یا وہ اراکین جنہوں نے ۱۳ اگست ۱۹۷۳ء کو حلف اٹھایا ہے وہ مستثنیٰ ہوں گے ۔ جناب چیئرمین ! میں

نہیں سمجھتا کہ وہ منضاء ان الخطان ہیں نہ وہ فرشتے ہیں کہ ان سے کوئی گناہ سرزد نہیں ہو سکتا ہے - وہ فرشتے نہیں ہیں وہ بھی عام گنہگار انسان ہیں - ان کو اس مسودہ قانون میں محفوظ رکھنے کی جو کوشش کی گئی ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ حد درجہ جسارت سے کام لیا گیا ہے - یہ ایک قسم کی تمیز روا رکھی گئی ہے ، یہ ڈسکریمینیشن روا رکھی گئی ہے کہ موجودہ ارکان اسمبلی کو خواہ وہ نیشنل اسمبلی کے ہوں خواہ وہ صوبائی اسمبلیز کے اراکین ہیں یا وہ سینیٹ کے اراکین ہیں یا جن کا میں نے ابھی ذکر کیا تھا یا سینیٹ کے وہ اراکین جنہوں نے اس وقت حلف اٹھایا اور اب بھی اس ایوان میں موجود ہیں جن کی مدت کو ابھی سوا سال یا ڈیڑھ سال گذرا ہے یا آئندہ انتخابات کے بعد جو نیشنل یا صوبائی اسمبلیز کے یا پارلیمنٹ کے ممبران ہوں گے ان پر لاگو ہو گا -

اگر اس وقت نیشنل اسمبلی کے موجودہ اراکین یا سینیٹ کے اراکین جو خود نہیں پسند کرتے کہ یہ قانون ان پر لاگو ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ اخلاقی طور پر وہ کسی کے بارے میں حق بجانب نہیں ہے کہ وہ اس قسم کے قانون بنائیں جو وہ خود نہیں چاہتے کہ ان پر لاگو ہوں -

آنچہ بر خود نہ پسندی بد یگران‌ما پسند

اگر میں یہ پسند نہیں کرتا کہ اس قانون کا اطلاق مجھ پر ہو تو میرے بعد جو اس معزز ایوان کے اراکین آئیں گے میں یہ کیوں پسند کروں کہ یہ قانون ان پر لاگو ہو - یہ بات اخلاقی طور پر زیب نہیں دیتی ہے - میں تو مستثنیٰ ہوں -

جناب چیئرمین : کیا موجودہ ممبران اسمبلیز ، یا سینیٹ مستثنیٰ ہوں گے ؟

خواجہ محمد صفدر : آئندہ آنے والوں پر یہ لاگو ہو گا -

ملک محمد اختر : آئین میں کوالیفیکیشن و ڈسکوالیفیکیشن کے متعلق رکھا گیا ہے -

جناب چیئرمین : میں تو ساتھ ساتھ پڑھتا ہوں - پہلے پڑھ کر نہیں آتا ہوں - ٹھیک ہے آپ جاری رکھیں -

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! آپ بھی اس ملک کے شہری ہیں - آپ بھی واقف ہیں کہ موجودہ اراکین اسمبلی خواہ وہ نیشنل اسمبلی کے ہوں یا کسی صوبائی اسمبلی کے ، ان میں سے بعض کے خلاف خود وزیر اعظم پاکستان نے عام جلسوں میں ، جن کو لاکھوں کی تعداد میں لوگوں نے سنا ، شکایت کی ہے اور سخت شکایت کرتے رہے ہیں - اگر آپ ان کی تقاریر کو دیکھیں اور پڑھیں تو آپ کو معلوم ہو گا

[Khawaja Mohammad Safdar]

کہ کبھی انہوں نے ٹریکٹروں کے پرمٹ کے بارے میں ذکر کیا ہے اور کبھی ٹریکٹروں کے چیسیز کے بارے میں ذکر کیا ہے۔ اور وزیر اعظم صاحب سے زیادہ ذمہ دار اور واقف حال انسان اس ملک میں میں سمجھتا ہوں کہ کوئی بھی نہیں ہے۔ اگر ان کی زبان پر شکایت پبلکلی چلی آ رہی ہے اور ابھی تک جاری ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ کیسے مناسب ہے کہ موجودہ ارکان اسمبلیز کو مستثنیٰ کر دیا جائے۔

جناب چیئرمین ، جس دوسرے نکتے کے ضمن میں ، میں یہ عرض کروں گا وہ یہ ہے کہ اس قانون کے ذریعے تعزیرات کے لیے ایک مدت مقرر کر دی گئی ہے۔ میں ایک معمولی وکیل ہوں ، میں ہمیشہ یہ پڑھتا اور سنتا آیا ہوں کہ دیوانی مقدمات کے لیے ایک معیاد ضروری ہوتی ہے تاکہ مقدمات کسی سٹیج تک پہنچ کر ختم ہو جائیں ، ان کا فیصلہ ہو جائے لیکن یہ کبھی نہیں سنا کہ جرائم بھی ایک مدت کے بعد جرائم نہیں رہیں گے اور وہ قابل مواخذہ نہیں رہیں گے۔ جناب والا ! اس قانون کے تحت انہوں نے خود ہی جرائم کو جرم تصور کیا ہے اور ان کی سزا بھی تجویز کی ہے ارر یہ بھی کہا ہے کہ ایک خاص مدت گذرنے کے بعد یہ جرم ، جرم نہیں رہیں گے۔ یہ مدت بھی کوئی لمبی مدت نہیں ہو گی۔

ملک محمد اختر : دوسرے قوانین میں ہے۔

خواجہ محمد صفدر : اس وقت اس کی بات کر رہے ہیں۔ جب دوسرے قوانین زیر بحث آئیں گے تو اس وقت ان کی بات کریں گے۔ اب جو زیر بحث قانون ہے اس پر بات ہو رہی ہے میں عرض کرتا ہوں کہ اس قانون کے تحت جرم جرم نہیں رہے گا اس کے لیے ایک وقت مقرر ہے وزراء ، نائب وزراء ، پارلیمانی سیکریٹری اگر اپنے عہدے سے استعفیٰ دے جائیں یا اپنے عہدے سے برخاست کر دیئے جائیں۔ تو جس روز وہ برخاست ہوں گے یا مستعفی ہوں گے اس سے تیس روز کے اندر اندر یہ قانون ان پر لاگو ہو گا۔ اکتیسویں دن ان پر لاگو نہیں ہو گا۔ جو گناہ یا جرم انہوں نے بطور وزیر یا بطور نائب وزیر یا بطور پارلیمانی سیکریٹری کیا ہو گا اس کے لئے وہ تیس دن تک قابل مواخذہ ہو گے۔ اکتسویں دن قابل مواخذہ نہیں ہوں گے۔

Mr. Chairman : After retirement or dismissal ?

Khawaja Mohammad Safdar : Retirement or dismissal.

دوسری صورت یہ ہے کہ اگر وہ نیشنل اسمبلی کے رکن ہوں یا صوبائی اسمبلی کے رکن ہوں اور اگر صوبائی اسمبلی کی معیاد ختم ہو چکی ہے تو نئی اسمبلی جس روز پہلے دن اپنا اجلاس کرے گی اس روز معیاد ختم ہو جائے گی۔

اور دونوں معیادوں میں سے جو پہلے ختم ہو گی وہ لاگو ہو گا خواہ وہ معیاد تیس دن والی ہو خواہ جنرل الیکشن کے بعد نئی اسمبلی تک والی ہو جو پہلے ختم ہو گی ۔ اور اس طور پر ارکان اسمبلی جب تک وہ ممبر رہیں گے ۔ اور نئی اسمبلی اپنا پہلا اجلاس منعقد نہیں کرتی اس وقت تک اس قانون کا اطلاق ممبران اسمبلی اور سینیٹ پر ہوگا ۔ سینیٹ پر نہیں ہو گا ۔ سینیٹ پر میں بعد میں آؤں گا ۔ اس کے لیے اور ہے ۔ اس کے لیے نہیں ہو گا ۔ سینیٹ کے ارکان اس وقت تک قابل مواخذہ ہوں گے جب تک ان کی ٹرم ہو گی ۔ مثلاً میری ٹرم ۴ اگست ۱۹۷۷ء کو ختم ہو رہی ہے ۔ میں اس قانون کے تحت ۷ اگست کو قابل مواخذہ نہیں ہوں گا ۔ اسی طور پر جو بلند و بانگ دعویٰ کیا گیا ہے کہ ہم اس معاشرے کو برائیوں سے پاک کرنا چاہتے ہیں اس قانون کے ذریعے سے وہ انتہائی کھوکھلا معلوم ہوتا ہے ۔ بے معنی معلوم ہوتا ہے ۔

جناب چیئرمین ! یہ ایک نئی بات ہے جو کہ ایک تعزیری قانون میں کی گئی ہے ۔ ایک اَپچ ، ایک ناولٹی ہے ۔ جو کہ کم از کم قوانین تعزیر اس سے پہلے نا واقف ہیں ۔

جناب چیئرمین ! ایک اور بات اس مسودہ قانون کے سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ وزیر اعظم صاحب اور وزراء اعلیٰ پر اس قانون کا اطلاق نہیں ہو گا ۔ وہ اس قانون کے تحت قابل مواخذہ نہیں ہوں گے ۔ وہ خواہ کتنے ہی بد دیانت کیوں نہ ہوں یہ قانون ان پر لاگو نہیں ہو گا ۔ میرے محترم دوست وزیر قانون صاحب نے خود اس بات کی تشریح کرتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا کہ ان کے خلاف آئین کے تحت عدم اعتماد کا اظہار کیا جا سکتا ہے ۔ اس لیے یہ قانون ان پر لاگو نہیں کیا گیا ۔ میرے فاضل دوست مجھ سے بہتر جانتے ہیں کہ وزراء صاحبان کو ڈسمس کیا جا سکتا ہے ۔ وزیر اعظم صاحب اور وزراء اعلیٰ کے خلاف تو صرف عدم اعتماد کا ووٹ پاس کیا جاتا ہے ۔ لیکن وزراء صاحبان خواہ وہ وفاقی ہوں یا صوبائی ان کو ڈسمس کیا جا سکتا ہے ۔ اگر ان کے لیے ڈسمسل اس بات کی وجہ سے نہیں بنتی کہ ان کے خلاف اس قانون کے تحت کارروائی نہ کی جائے تو محض عدم اعتماد کی تحریک کی بناء پر یہ کہنا کہ اس قانون کا اطلاق اس لیے نہ وزیر اعظم نہ وزراء اعلیٰ پر کیا جائے گا کیونکہ ان کے خلاف عدم اعتماد ہوتا ہے یہ حد درجہ بے معنی ہے ۔ کم از کم میرا ذہن اس بات کو تسلیم کرنے کے لیے تیار نہیں ہے ۔ ہماری تاریخ اس بات کی شاہد ہے کہ امیر المومنین بھی ملکی قانون کے تحت قابل مواخذہ تھے ۔ اور یہاں نہ موجودہ وزیر اعظم اور وزراء اعلیٰ اور نا ان کے بعد میں آنے والے وزیر اعظم اور وزراء اعلیٰ کے متعلق یہ دعویٰ کیا جا سکتا ہے کہ ان سے خطا سرزد نہیں ہو گی ۔ انسان ہیں ، انسان

[Khawaja Mohammad Safdar]

غلطی کر سکتا ہے - انسان خطا کا پتلا ہے - اس لیے وزیر اعظم نہ موجودہ اور نہ ان کے بعد میں آنے والے خطا سے مبرا ہو سکتے ہیں - کیونکہ یہ ملک قائم رہے گا - یہاں جمہوریت کا دور دورہ ہوگا - وزیر اعظم اور وزراء اعلیٰ آتے جاتے رہیں گے - اس لیے ان کو مستثنیٰ قرار دینا اس بل کے مقاصد کے خلاف ہے ، مسلمانوں کی روایات کے خلاف ہے ، اسلام کے درخشندہ اصولوں کے خلاف ہے - اس لیے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس قانون میں یہ استثنیٰ اس قانون کو بے معنی اور بے مقصد بنانے میں ممد و معاون ہو گا -

دراصل جہاں تک میں معلوم کر سکا ہوں - اس بل کا مقصد اس ملک سے برائی اور بد دیانتی کا قلع قمع نہیں بلکہ اس ملک کی اسمبلیوں کے اراکین کو اگر وہ نیشنل اسمبلی کے رکن ہیں ، تو وزیر اعظم کی گرفت میں رکھنا ہے اور اگر وہ صوبائی اسمبلی کے رکن ہیں تو وزیر اعلیٰ کی گرفت میں رکھنا ہے - اگر وہ ممبر نہیں رہتے تو اس قانون کے مطابق وہ قابل مواخذہ ہی نہیں - اگر وہ تابعداری کرتے ہیں تو اس قانون کے تحت کوئی گرفت نہیں ہو گی - کیوں ؟ اس لیے کہ اس قانون کے تحت صرف اور صرف ریفرنس وزیر اعظم ہی کر سکتا ہے اور کوئی شخص نہیں کر سکتا - جب تک کوئی ممبر وزیر اعظم کی تابعداری کرے گا اس وقت تک اس کے متعلق ریفرنس ہو ہی نہیں سکتا - لیکن جہاں اس نے تابعداری سے سر مو انحراف کیا تو اس کے متعلق ریفرنس کیا جا سکتا ہے - جب تک وہ ممبر ہے - اور جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے - لمیٹیشن عائد کرنے کا مقصد ہی یہ ہے کہ اگر وہ ممبر نہ رہے تو جہنم میں جائے ہماری بلا سے - ہمارا اس سے کوئی واسط ہی نہیں ہے - نہ اس کی وفاداری کا ہمیں کوئی فائدہ پہنچتا ہے - لیکن جب تک ممبر ہے اس کو قابو میں رکھنے کے لیے ، اس کی اطاعت کو یقینی بنانے کے لیے یہ قانون نافذ کیا جا رہا ہے تاکہ وہ کسی طور پر بھی جائز یا نا جائز احکامات جو بھی وزیر اعظم صاحب کی طرف سے اس کو ملے ، ان کی تابعداری کرتا رہے ، ان کی تعمیل کرتا رہے - اس لیے جناب چیئرمین ! میرے رائے میں اس قانون کا نام وزیر قانون صاحب نے یہ تجویز کیا ہے کہ ہولڈرز آف ریپریزینٹیٹو آفسز (پریوینشن آف مس کنڈکٹ) بل تو میں اس کا نام یہ تجویز کرونگا پریوینشن آف ریبیلین بل -

ملک محمد اختر : یہ ڈسپلن بل ہے -

خواجہ محمد صفدر : اور انہوں نے مجھ سے بہتر نام خود ہی تجویز کیا ہے یعنی ڈسپلن بل -

جناب چیئرمین ! ایک اور بات جس کی طرف میں محترم وزیر قانون کی توجہ دلانا

چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ اس سے پہلے اس مقصد کو حل کرنے کے لیے یعنی پبلک لائف سے بد دیانتی ، بے ایمانی کا قلع قمع کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً تین بل آتے رہے ۔ میں ان کا ذکر وہاں تک کروں گا جہاں تک اس کا تعلق ہو گا ۔

ملک محمد اختر : آپ آج ہی کہہ لیں کیونکہ کل آپ نہیں ہوں گے ۔

خواجہ محمد صفدر : نہیں ، نہیں ۔

سب سے پہلے ۱۹۴۹ء میں ایک قانون بنا اس کا نام تھا Public and Representative Office Disqualification Act of 1949 اس کے بعد ۱۹۵۹ء میں اس نام کا ایک قانون بنا Public Office Disqualification Order, 1959 جس کے مخفف ایبڈو ہے اور ایک قانون بنا Elective Disqualification Order, 1956 ان آخری دو قوانین کے مطابق ، جن کا کہ میں نے ذکر کیا ہے ، اگر کسی کارکن کے خلاف ، کسی وزیر کے خلاف ، کسی نائب وزیر کے خلاف ، کسی پارلیمنٹری سیکریٹری کے خلاف بددیانتی ثابت ہو جاتی ہے تو اسے نہ صرف ڈسکوالیفائی کیا جاتا تھا بلکہ اسے سزا دی جاتی تھی اور اس کے ساتھ ٹریبونل کو یہ بھی اختیار تھا کہ جس حد تک اس نے بددیانتی کی ہوئی ہے یا جو بددیانتیاں اس کے خلاف ثابت ہو چکی ہوئی ہیں یا جو نقصان اس کے بددیانتی کی وجہ سے پاکستان کو پہنچا ھے وہ اس سے پورا کیا جائے ۔ موجودہ قانون میں ایسی کوئی دفعہ موجود نہیں ، ایسی کوئی بات اس قانون میں نہیں رکھی گئی ۔ ایک شخص جہان بھر کو لوٹتا ہے اور اگر اس پر اس قانون کا اطلاق ھوتا ہے ، اول تو اس پر اس قانون کا اطلاق ہوگا ہی نہیں کیونکہ جو شخص جتنا لوٹتا ہے اتنی ھی تابعداری کرے گا ۔ لیکن اگر پھر بھی وہ قابل مواخذہ گردانا جاتا ہے اگر وہ پبلک لائف سے ریٹائر ہو جائے جو اس نے حرام کمایا ہے وہ سارے کا سارا ھضم کر جائے گا ۔ اگر ٹریبونل اس کو ڈسکوالیفائی کرتا ہے مقدمہ چلنے کے بعد وہ ریٹائر ہو جاتا ہے پھر بھی اس سے کوئی چیز جو اس نے بددیانتی یا دھوکے سے غبن سے یا خیانت سے حاصل کی ہے وہ اس سے واپس نہیں لی جائے گی ۔ لیکن اس سے پہلے ان قوانین سے جن کا میں نے ذکر کیا ہے ، ایک کلاز کسی سے ، دو کلاز کسی اور سے اخذ کرکے انہوں نے ایک ملغوبہ تیار کیا ہے یہ جو زیر بحث قانون ہے یہ سابقہ قوانین کی کلازوں کا ملغوبہ ھے ۔ تو وہاں یہ بھی لکھا ہے کہ اس شخص سے جس قدر نقصان اسٹیٹ کو پہنچا ہے اس سے وہ پورا کیا جا سکے اور اگر وہ ادا نہیں کرتا تو بطور لینڈ ریوینیو کے اس سے وصول کیا جائے ، تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ یہ بھی اس میں ایک خامی ہے ۔

جناب چیئرمین ! آخر میں میں اس قانون کے متعلق یہ عرض کر سکتا ہوں کہ محترم وزیر قانون صاحب نے اس قانون کے سٹیٹمنٹ آف آبجکٹس اینڈ ریزنز یا پریئیمبل میں ،

[Khawaja Mohammad Safdar]

جن مقاصد کا ذکر کیا ہے یہ اس سے وہ مقاصد حاصل نہیں کر سکتے ۔ کسی صورت میں حاصل نہیں کر سکتے۔ البتہ اس قانون سے وزیر اعظم صاحب اپنے ساتھیوں ، اپنی جماعت کے کارکنوں کے درمیان ڈسپلن قائم رکھ سکیں گے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حزب اختلاف میں سے جس شخص کے خلاف چاہیں مقدمہ کر سکتے ہیں ۔ اگر اور جھوٹے مقدمات بن سکتے ہیں تو اس قانون کے تحت بھی حزب اختلاف کے خلاف جھوٹے مقدمات بنائے جا سکتے ہیں ۔ ان الفاظ کے ساتھ میں سمجھتا ہوں کہ یہ قانون عبث اور بیکار ہے اور بے مقصد ہے ۔ اس لیے میں اس کی مخالفت کرتا ہوں !

Malik Mohammad Akhtar : Sir, I rise to answer the objections taken by the Hon'ble Senator, and I consider that first objection taken by him was that we have not included . . . .

Mr. Kamran Khan : Point of order, Sir. Sir, I wanted the permission of the Chair to speak.

ملک محمد اختر : تھرڈ ریڈنگ میں بات کر لیجیئے گا ۔ ہمیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہو گا ۔ ادھر سے بھی لوگ بولیں گے ۔

جناب چیئرمین : اعتراض کیا ہے ؟

What is the point of order ? Don't dispose of his point of order summarily.

آپ کیا فرمانا چاہتے ہیں ؟

Malik Mohammad Akhtar : Sir I have taken the floor before the hon'ble Senator rose in his seat.

جناب چیئرمین : آپ کو بات کرنے کے لیے کافی وقت مل جائے گا ۔

ملک محمد اختر : ہم نہیں روکیں گے ۔

Naturally in the third reading some speeches can be made.

Mr. Chairman : You disposed of his point of order without referring it to me.

خواجہ محمد صفدر : اور جناب آئندہ کے لیے بھی انہوں نے اختیارات لے لیے ہیں کہ اگر کوئی پوائنٹ آف آرڈر ہو تو یہ اس کو نپٹا دیں ۔

Malik Mohammad Akhtar : Sir I have taken the floor after catching the eyes of Mr. Chairman. He can speak in the third reading.

جناب چیئرمین : انہوں نے کہا کہ بیٹھ جائیے ۔ تھرڈ ریڈنگ میں بول لیجیے گا ۔

ملک محمد اختر : میں آپ سے اور آن سے اس بات کی معافی مانگتا ہوں ۔

Mr. Chairman : Today you ride rough-shod over all the rules and privileges of the members, because you are giving lunch.

ملک محمد اختر : وہ تو مولانا صاحب کے اعزاز میں لنچ ہے ۔

Mr. Chairman : Yes.

Malik Mohammad Akhtar : Sir, the objection has been taken that we have exempted the Prime Minister and the Chief Ministers of the Provinces from the perview of the Bill. Sir, a machinery had to be set up. Firstly they are liable to a vote of no confidence under Article 96. It is for the Prime Minister and Article 136 is for a Chief Minister. So, they are accountable and a lot can be said about them during the motion moved for no confidence.

Sir, the second objection has been taken that we have exempted the present Members of the National Assembly or a Provincial Assembly and the Senators who were elected for the first term, for the first election to the Senate. That had to be done because Article 271 of the Constitution provides that the qualifications and disqualifications for the member of a National Assembly shall be the same as contained in the Interim Constitution and in the Interim Constitution we have those disqualifications which were provided in the legal frame work order. So, we don't want to take by surprise the persons who we elected with a certain sort of qualifications and disqualifications contained in legal frame work order 1970, to be the members of the National Assembly and similarly to be the member of the Provincial Assemblies. These qualifications were carried out under Article 271, as contained in LFO for the members of the National Assembly and in Article 273 for the Members of the Provincial Assembly and identical disqualification for the Senator, otherwise the Bill would have been inconsistent with the Constitution. And naturally, Sir, it will be applicable after first general election of all the members of the National Assembly as well as the Provincial Assembly, and the Senate. Sir, I have explained that the Office of the Prime Minister and the Chief Minister had to be exempted. I think these were the two objections that have been taken.

Then Sir, third objection taken was that certain limitations have been provided for instance a Minister can be triable for 30 days after he lays down his office and not beyond that and similarly member of National Assembly and of Provincial Assembly till the next general election takes place and that National Assembly or Provincial Assembly is in office. Similarly for the Senators that had to be done to avoid the abuse of the law. Sir, I may make it clear that like ordinary citizens, every one of us is liable under ordinary law of land. These three objections were taken. We had in view these objections. We tried to meet them while framing the law. The machinery had to be provided. Now, it is the Prime Minister or a Chief Minister who can initiate the proceedings in case of Parliament or a Provincial Assembly. So, naturally, when there can be a vote of no-confidence against them, they have to be exempted and present qualification and disqualification has to be taken into account, as laid down in Articles 271 and 273 of the Constitution and the limitation

[Malik Mohammad Akhtar]

has also to be provided because when a person ceases to be a Member, then he becomes an ordinary citizen and liable to the ordinary law and even now he is liable to the ordinary law. That is all Sir.

Mr. Chairman : Now, I will put the question before the House.

The question before the House is :

> 'That the Bill to make effective provision for the prevention of misconduct amongst holders of representative offices [The Holders of Representative Offices (Prevention of Misconduct) Bill, 1976], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman : The motion in carried. Now, we take up clause by clause reading of the Bill.

First we start with Clause 2. Yes, Khawaja Sahib.

Khawaja Mohammad Safdar : Sir, I beg to move :

> "That in Clause 2 of the Bill, the comma occurring after the word "Assembly" in the fourth line, be substituted by a fullstop and the subsequent words and fullstop be omitted."

Mr. Chairman : The amendment moved is :

> "That in Clause 2 of the Bill, the comma occurring after the word "Assembly" in the fourth line, be substituted by a fullstop and the subsequent words and fullstop be omitted."

Malik Mohammad Akhtar : Opposed, Sir, and I think their point has been argued.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! اس میں کوئی شک نہیں کہ جیسا کہ محترم وزیر قانون صاحب نے فرمایا ہے کہ اس کا تذکرہ میں نے پہلی خواندگی میں کیا ہے - آپ ملاحظہ فرمائیں کہ کلاز ۲ میں ہولڈرز آف دی ری پریزینٹیٹیو آفس کی تعریف کی گئی ہے اور اس میں وفاقی وزراء ، نائب وزراء ، پارلیمانی سیکریٹریز ، ممبرز آف پارلیمنٹ ، صوبائی اسمبلیوں کے ممبران شامل ہیں ماسوائے وزیر اعظم صاحب کے اور چیف منسٹرز کے - اور میں نے یہ تجویز کیا ہے -

"......... but does not include the Prime Minister or a Chief Minister."

ان الفاظ کو حذف کر دیا جائے تاکہ ان پر بھی اس قانون کا اطلاق ہو سکے اور وہ بھی ہولڈرز آف دی ری پریزینٹیٹو آفس کی تعریف میں آ سکیں ۔ جناب چیئرمین ! میں سمجھتا ہوں کہ جو دلیل محترم وزیر قانون نے دی ہے ۔ وہ ایسی نہیں کہ جس کو قابل قبول تصور کیا جائے ۔ اس منطق کے تحت میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ وہ اپنے آپ پر بھی رحم کھائیں اور اپنے ساتھیوں پر بھی رحم کھائیں ، ان کو بھی اس میں سے نکال دیں ۔ صرف ممبران کو رہنے دیں کیونکہ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ جے ۔ اے ۔ رحیم کے حشر کو دیکھنے کے بعد کوئی وزیر صاحب بھی خواہ وہ صوبائی ہوں یا وفاقی ، پھڑک نہیں سکتے ۔ وہ ناک کی سیدھ میں چلیں گے اور جیسے وزیر اعظم صاحب کہیں گے ویسے چلیں گے ورنہ وہ ناک آؤٹ ہو جائیں گے ۔ تو اس لیے میں ان کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ باقی وزراء کو بھی اور پارلیمانی سیکریٹریوں کو بھی نکال دیں اور اگر باقی وزراء کو نہیں نکالنا تو وزیر اعظم صاحب اور وزرائے اعلیٰ کو بھی شامل رکھیں ۔ یہ بے معنی سی بات بنتی ہے اور میں اس بات کو نہیں دہرانا چاہتا کہ نہ موجودہ وزیر اعظم صاحب اور وزرائے اعلیٰ فرشتے ہیں او نہ ان کے بعد میں آنے والے فرشتے ہوں گے ، انسان ہوں گے ان سے غلطیاں ہوں گی ۔ کوئی زیادہ کرے گا ، کوئی تھوڑی کرے گا ۔ غلطیاں بہرحال ہوں گی اس لیے ان کو مستثنیٰ نہیں کرنا چاہئے اور ان پر بھی اس کا اطلاق ہونے دیا جائے ۔

Malik Mohammad Akhtar : Sir, I have already explained that the............

Mr. Kamran Khan : Sir, ...

ملک محمد اختر : چھڈو یار ۔

Mr. Kamran Khan : No, if in this particular point, I have the permission of the Chair............

Mr. Chairman : Yes.

Mr. Kamran Khan : Sir, the exemption given to the Prime Minister and the Chief Minister, in the first instance, is against the provisions of the Constitution. Article 25 of the Constitution lays down that all citizens of the country will be equal before law. So, by exempting the Prime Minister and the Chief Ministers from the provisions of this law, the purpose of their constitutional provision will be defeated.

Secondly, Sir, recently we have been hearing a lot of scandals. Prime Minister of Japan was involved in a bribery case. The Prince Consort of Holland was involved in a bribery case. So, Sir, Prime Minister and

[Mr. Kamran Khan]

Prince Consort were also as important as Heads of States, not Heads of States but Queen's husband. If the prominent people in advanced countries like Japan and Holland could be involved or could be tempted to bribery, then Sir we, the poor people of Pakistan are more prone to bribery to be tempted. Sir, by saying this I don't want to cast any aspersion. I have no intention to cast any aspersion. I have no intention of casting an aspersion on the present incumbant of the offices of Prime Minister or the Chief Ministers, but the law is being framed for all times to come. So, no person, no matter how high, how powerful he is in the country, should be exempted from the provisions of this law. There should be an effective deterrent to people in high offices getting bribery, getting illegal gratifications. Thank you.

Malik Mohammad Akhtar : Sir, the present provision is not hit by Article 25 because we have made no discrimination at all. All the Chief Ministers who are provincial heads and similarly the Prime Minister who is head of Federal Executive, all five of them have been exempted. And then Sir, somebody should be there to institute the proceedings. We cannot allow it to be instituted by individuals. The executive heads could be the only persons or authority to be armed with the weapon of instituting the proceedings and as such, Sir, this had to be provided. Secondly, Sir, there is no discrimination. As I have already mentioned, all the heads have been exempted. Finally, Sir, I consider that the vote of no-confidence is a sufficient safeguard for their accountability.

Mr. Chairman : Yes, now I will put the question.

The amendment moved is :

> "That in Clause 2 of the Bill, the comma occurring after the word "Assembly" in the fourth line, be substituted by a fullstop and the subsequent words and fullstop be omitted."

(*The amendment was negatived*)

Mr. Chairman : The amendment is lost.

Now, the next question before the House is :

> "That Clause 2 forms part of the Bill."

(*The motion was adopted*)

Mr. Chairman : Clause 2 forms part of the Bill.

Now, we take up Clause 3.

Khawaja Mohammad Safdar : Sir, I beg to move :

> "That in Clause 3 of the Bill, sub-clause (1) be re-numbered as sub-clause (2) and sub-clause (2) be

re-numbered as sub-clause (1)."

Mr. Chairman : You move all the amendments together. They are for the same Clause.

Khawaja Mohammad Safdar : I beg to move :

> "That in Clause 3 of the Bill, in sub-clause (2) in para (a), the words "with the Federal Government or any Provincial Government or Parliament or a Provincial Assembly or with any public servant as such" be omitted."

I beg to move :

> "That in Clause 3 of the Bill, in sub-clause (2) in para (c) the words "dishonestly or fraudulently" occurring in the first line be omitted."

I beg to move :

> "That in Clause 3 of the Bill, in sub-clause (3) the word "of" occurring after the word "trial" in the first line, be substituted by the word "for"."

I beg to move :

> "That in Clause (3) of the Bill, sub-clause (4) be omitted."

I beg to move :

> "That in Clause (3) of the Bill, sub-clause (4) be substituted by the following :
>
> '(4) A person, who is convicted of an offence punishable under sub-section (1), shall be disqualified, until the holding of the next general elections to the National Assembly, from being elected or chosen as, and from being a member of Parliament or of a Provincial Assembly.'

That is all, Sir, in Clause 3.

Mr. Chairman : The amendments moved are :

> "That in Clause 3 of the Bill, sub-clause (1) be re-numbered as sub-clause (2) and sub-clause (2) be re-numbered as sub-clause (1)."
>
> "That in Clause 3 of the Bill, in sub-clause (2) in para (a), the words "with the Federal Government or

[Mr. Chairman]

any Provincial Government or Parliament or a Provincial Assembly or with any public servant as such" be omitted."

"That in Clause 3 of the Bill, in sub-clause (2) in para (c) the words "dishonestly or fraudulently" occurring in the first line be omitted."

"That in Clause 3 of the Bill, in sub-clause (3) the word "of" occurring after the word "trial" in the first line, be substituted by the word "for"."

"That in Clause (3) of the Bill, sub-clause (4) be omitted."

"That in Clause (3) of the Bill, sub-cluse (4) be substituted by the following :

'(4) A person, who is convicted of an offence punishable under sub-section (1), shall be disqualified, until the holding of the next general elections to the National Assembly, from being elected or chosen as, and from being a member of Parliament or of a Provincial Assembly'. "

Malik Mohammad Akhtar : Opposed.

خواجہ محمد صفدر : جناب چیئرمین ! میری پہلی ترمیم کا مقصد بھی اور غالباً دوسری کا بھی یہی ہے کہ اس بل کی ڈرافٹنگ غلط ہوئی ہے اس کی اصلاح کی جائے - آپ کلاز ۳ کو دیکھیں کہ اس کے مارجنل ہیڈنگ میں مس کنڈکٹ کے پڑھنے کے بعد یہ ذہن میں آتا ہے کہ یہ مس کنڈکٹ کی تعریف کی گئی ہے ، تشریح کی گئی ہے - جب آپ آگے عبارت پڑھتے ہیں تو سزا درج ہے - ظاہر ہے آپ کسی جرم کی تعریف کرتے ہیں اس کے بعد ہی کسی جرم کی نمبر کا اطلاق ہوگا اس کے بعد ہی آپ کہیں گے کہ اگر کسی نے اس جرم کا ارتکاب کیا تو اس کی سزا یہ ہو گی - پہلے بتا دیں گے مس کنڈکٹ کی تعریف کی بجائے جہاں اس کی سزا ہونی چاہئیے وہاں اس کی تعریف کر دی ہے - میں نے یہ گذارش کی ہے کہ اس کلاز نمبر ۱ کو ۲ کی جگہ رکھا جائے اور ۲ کو ایک کی جگہ پر رکھی جائے تاکہ ہمیں معلوم ہو جائے کہ مس کنڈکٹ کیا ہے - اور اس کے بعد البتہ سزا تجویز کی جائے - اس کے بعد سب کلاز ۲ کے پیرا الف میں میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ چھٹی لائن میں پرسن کے بعد جتنے الفاظ ہیں حذف کئے جائیں -

"with the Federal Government or any Provincial Government or Parliament or a Provincial Assembly or with any public servant as such."

یہ میں نے اس لیے لکھی ہے کہ باقی عبارت سے یہ عبارت جدا ہے - مجھے معلوم نہیں اور میں انگریزی زبان کا فاضل بھی نہیں ہوں لیکن معاملے کی سوجھ بوجھ رکھتا ہوں - میں نے سمجھنے کی کوشش کی ہے - لیکن تمام پیراگراف کے معنے کیا بنتے ہیں - اس عبارت میں یہ الفاظ شامل کر کے کیا مطلب اخذ کیا جا سکتا ہے - اگر یہ الفاظ جن کو حذف کرنے کے لیے میں نے کہا ہے اس سب کلاز کے کیا معنی بنتے ہیں میں اس کو پڑھے دیتا ہوں -

> "3. (2) (a) if he accepts or obtains or agrees to accept or attempts to obtain from any person for himself or for any other person any illegal gratification as a motive or reward for doing or for bearing to do any official act or for showing or for bearing to show, in the exercise of his official functions, favour or disfavour to any person, or for rendering or attempting to render any service or disservice to any person."

یہاں تک تو مس کنڈکٹ کی تعریف ٹھیک ہے لیکن یہ الفاظ جو ہیں :

> "......with the Federal Government or any Provincial Government or Parliament or a Provincial Assembly, or with any public servant, as such."

یہ میں نہیں سمجھ سکا کہ اسکا مطلب کیا ہے - اگر یہ کام فیڈرل گورنمنٹ سے کرا کر دیں یا پروانشیل اسمبلیوں سے کرا کر دیں تو اسکی عبارت اس طرح نہیں ہونی چاہئے - پہلے حصے کا اور دوسرے حصہ کا کوئی تعلق نہیں ہے -

جناب چیئرمین ! شق ۳ میں گذارش یہ ہے کہ پیرا سی میں پہلی سطر میں دو الفاظ مس کنڈکٹ اور فراڈو لینٹلی کو حذف کیا جائے وکالت کا مقتدی بھی جانتا ہے تعزیرات پاکستان میں مس اپراپری‌ایشن کی تعریف دی گئی ہے - اس تعریف کے اندر یہ دو الفاظ شامل ہیں - فراڈولینٹلی ڈس ہونیسٹی شامل ہے -

ملک محمد اختر : جناب will explian it ہی دو الفاظ ہیں جنہیں شامل کیا گیا ہے -

خواجہ محمد صفدر : تب ہی غلط ثابت ہوا ہے مجھے شک تھا کہ وزیر صاحب نے ہی یہ غلطی کی ہے ورنہ دفتر والوں نے ٹھیک لکھا تھا میں نے اس کو اس طرح بنا دیا ہے کہ مس اپراپری ایشن کی تعریف یہ ہے اور تعزیرات پاکستان میں ڈس ہونسٹی شامل نہیں ہے -

جناب والا ! آگے چل کر اسی کلاز ۳ کی سب کلاز ۳ میں میں نے یہ عرض کیا ہے کہ پہلی لائین میں In any trial of an offence کی بجائے In any trial for an offence ہونا چاہیے trial accused کا ہوتا ہے - In any trial an accused وہ تو ٹھیک

[Khawaja Mohammad Safdar]

ہے - انگریزی ہو گی - لیکن جب offence کی بات کریں گے تو In any trial for an offence انگریزی کی بات ہے - گرامر کی بات ہے - اور میں خود بھی لائق نہیں ہوں اور میری بات یہ مانیں گے بھی نہیں - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ ڈرافٹنگ کی غلطی ہے - یہاں In any trial of an offence کی بجائے In an trial for an offence ہونا چاہیے - اگر accused ہوتا پھر 'of' ہونا چاہیے تھا - یہاں چونکہ 'offence' لکھا گیا ہے جرم سے متعلق ہے ، اس لئے 'for' درست انگریزی ہو گی - 'of' درست انگریزی نہیں ہے -

اس سے آگے چل کر میں نے اس ضمن میں یہ درخواست کی ہے ، جو میری آخری دو ترمیمیں ہیں - وہ سب کلاز ۴ میں ہیں - پہلے میں نے یہ عرض کیا ہے کہ اس کلاز ۴ کو حذف کر دیا جائے - میں اس مسئلے پر پہلے بھی عرض کر چکا ہوں - میں سمجھتا ہوں کہ جو بات محترم وزیر قانون نے ارشاد فرمائی ہے میرا ذہن اسے قبول کرنے کے لئے تیار نہیں ہے کہ موجودہ اسمبلی اپنے اوپر قانون کے تحت ڈس کوالیفیکیش عائد کر سکتی ہے - "Any disqualifications imposed by law" آئین میں لکھا ہوا ہے - یہ ڈس کوالیفیکیشن نہیں ہے - یہ بھی جرم ہے - اس کی تو سات سال سزا ہے - محترم وزیر صاحب ڈس کوالیفیکیشن کی بات کر رہے ہیں - یہ ڈس کو الیفیکیشن نہیں ہے - اس کی سات سال سزا ہے کلاز ۳ سب کلاز ۱ میں سات سال سزا ان جرائم کی رکھی گئی ہے - ڈس کوالیفیکیشنز نہیں ہے - اگر محترم وزیر قانون کا کہنا مان بھی لیا جائے کہ موجودہ نیشنل اسمبلی اور موجودہ صوبائی اسمبلیوں کے اراکین پر کسی قسم کی ڈس کوالیفیکیشن یا نااہلیت کا اطلاق نہیں ہو سکتا ، بالفرض محال یہ مان لیا جائے کہ ڈس کوالیفیکیشن نہیں جرم ہے - اس لئے کوئی اسکو بھی قانون سے مستثنیٰ نہیں قرار دے سکتا کہ اس نے جرم تو کیا ہے ، لیکن اس پر اس قانون کا اطلاق نہیں ہوتا -

Mr. Chairman : What does this last proviso mean ? It reads :

> "Provided that an holder of representative office who is tried for an offence punishable under this section shall not be proceeded against......"

خواجہ محمد صفدر : میں پڑھے دیتا ہوں جناب -

> "......who is convicted for an offence punishable under sub-section (1) shall be......"

Mr. Chairman : No, no, please read out the last proviso.

Khawaja Mohammad Safdar : Yes, Sir. It reads :

> "Provided that a holder of representative office who is tried for an offence punishable under this section shall not be liable to be proceeded against under the Parliament and Provincial Assemblies (Disqualification for Membership) Act, 1976."

وہ ابھی ہمارے سامنے آتا ہے -

Malik Mohammad Akhtar : This is another Act, Sir.

وہ ایک ایڈیشنل سیف گارڈ ہے - وہ ابھی ایکٹ بنا نہیں ہے - ویسے یہ بھی غلطی ہے - وہ ایکٹ ابھی بنا نہیں اور ہم اس کو کہہ دیتے ہیں کہ ایکٹ ہے -

Mr. Chairman :

> "Provided that a holder of representative office who is tried for an offence punishable under this section shall not be liable to be proceeded against under the Parliament and Provincial Assemblies (Disqualification for Membership) Act, 1976."

ملک محمد اختر : وہ آ رہا ہے سر ! نیکسٹ آئٹم ایجنڈے پر وہی ہے -

خواجہ محمد صفدر : وہ بھی گنجائش رکھی گئی ہے - وہ بھی غلطی ہے - ایکٹ موجود ہو تو اُسے ایکٹ کہتے ہیں - ایکٹ موجود نہ ہو تو اُسے ایکٹ کیسے کہا جا سکتا ہے - بہر حال میں یہ عرض کر رہا تھا کہ بجائے اس کے کہ اس طرح مستثنیٰ قرار دیا جائے، میں نے یہ تجویز کیا ہے - سپلیمنٹری لسٹ میں میری ترمیم ہے جسے میں پڑھ بھی چکا ہوں خواہ وہ موجودہ نیشنل اسمبلی کا ممبر ہو یا صوبائی اسمبلی کا، اس پر اس قانون کا اطلاق ہو گا - وہاں اسکی نفی کی گئی ہے، میں نے مثبت کر دیا ہے - اتنا فرق رکھا ہے - میں سمجھتا ہوں کہ ان خامیوں کے پیش نظر جو کہ بڑی واضح ہیں، سامنے ہیں، محترم وزیر قانون کو میری ان ترامیم کو قبول کر لینا چاہیے -

Malik Mohammad Akhtar : Sir, the matter is very simple. I have already referred to Article 271 of the Constitution relating to the disqualifications of the Members of the National Assembly, Article 272 relating to the disqualifications of the Members of the Senate and Article 273 relating to the disqualifications of the Members of the Provincial Assemblies, and I consider that in view of those provisions we had to exempt the sitting Members and Senators. Sir, as far as the other disqualification law which is coming, is concerned, naturally we would like to disqualify a person under one law and not under both the laws. Therefore, I consider that all the amendments later made by honourable Senator Khawaja Mohammad Safdar, for whom I have got great regard, do not fit in at all and I am unable to agree with him.

